14

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِی دِیۡنِیۡ وَ دُنۡیَایَ وَاَھۡلِیۡ وَمَالِیۡ
اَللّٰھُمَّ اسۡتُرۡ عَوۡرَاتِیۡ وَاٰمِنۡ رَّوۡعَاتِیۡ اَللّٰھُمَّ احۡفَظۡنِیۡ مِنۡ
بَیۡنِ یَدَیَّ وَمِنۡ خَلۡفِیۡ وَعَنۡ یَّمِیۡنِیۡ وَعَنۡ شِمَالِیۡ وَمِنۡ فَوۡقِیۡ
وَاَعُوۡذُ بِعَظَمَتِکَ اَنۡ اُغۡتَالَ مِنۡ تَحۡتِیۡ

اَے اللہ !میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت کا دُنیا اورآخرت میں،اَے اللہ! میں تجھ سےسوال کرتا ہوں معافی اورعافیت کا میرے دین میں اور میری دُنیا میں اور میرے گھر والوں میں اور میرے مال میں ۔اَے اللہ! پردہ ڈال میری چُھپی چیزوں پر، اورامن دے میری گھبراہٹوں کو۔اَے اللہ !میری حفاظت فرما میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے ۔اور میں پناہ میں آتا ہوں تیری عظمت کی کہ اَچانک نیچے سے ہلاک کردیا جاؤں۔

[سُنن ابی داؤد:5074]

1 مرتبہ صبح

15

اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ
رَبَّ کُلِّ شَیۡءٍ وَّمَلِیۡکَہٗ اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اَعُوۡذُ بِکَ
مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَمِنۡ شَرِّ الشَّیۡطَانِ وَشِرۡکِہٖ

اَے اللہ!جاننے والے غیب اور حاضر کے، پیدا کرنے والے آسمانوں اورزمین کو، پالنے والے ہر شے کو اور مالک بھی، میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو، میں تیری پناہ میں آتا ہوں اَپنے نفس کی بُرائی سے اور شیطان کے شر سے اور اُسکے (میرے کاموں میں) شریک ہونے سے۔

[جامع ترمذی:3392]

1 مرتبہ صبح